© rasailojaraid.com



نگارانِ ہندوپاک کے ہاں اس کے ترجمہ و تلخیص کی روایت موجود ہے۔

زیرِ نظر کتاب معروف اشاعتی ادارے ''المیزان'' کی پیش کش ہے۔ اس اشاعت کے مترجم مولانا قطب الدین محمودی ہیں اور نظر ثانی مولانا مفتی نورالاسلام حقانی سے کرائی گئی ہے۔ چونکہ اصل متن سے کتاب کے مقارنہ کا وقت میسّر نہیں اس لیے محض اسی اشاعت کے محاسن و تسامحات پیش خدمت ہیں۔ کتاب کو دیدہ زیب کمپیوٹر کتابت (مائیکروسوفٹ ورڈ) میں کمپوز کیا گیا ہے۔ البتہ حروف خوانی کے لحاظ خاصی بہتری کی گنجائش ہے۔ مثلاً عرضِ ناشر میں ہی ۳ سے ۴ غلطیاں اصلاح کی منتظر ہیں۔ فاضل مترجم کا مقدمہ شاملِ اشاعت نہ ہونا بھی تعجب کا مقام ہے۔ چنانچہ اس سلسلے میں ایک مضحکہ خیز صورت تب پیدا ہوتی ہے جب مترجم اپنے پیش نظر چار نسخوں کے اختلافات کی طرف ''ا۔ب۔ج۔د'' کے ذریعے اشارہ کرتے ہیں اور قاری یہ جاننے سے قاصر ہوتا ہے کہ یہ چار نسخے کون سے ہیں اور ''ا۔ب۔ج۔د'' سے کون کون سا نسخہ مراد ہے۔

کتاب کا سرورق عمدہ جلد مضبوط اور کاغذ درمیانہ درجے کا ہے۔

## مسافرانِ آخرت

☆ **حکیم محمد ارشد** (رحمانیہ دواخانہ راولپنڈی) ۱۴/اکتوبر کو انتقال فرما گئے۔

☆ **طاہر اقبال مرحوم** خانپور (رحیم یار خان) جماعت کے رہنما مرزا واصف بیگ کے بہنوئی پروفیسر فرّخ شہزاد کے بھائی طاہر اقبال سر میں گہری چوٹ لگنے سے ۷/نومبر ۲۰۱۱ء کو انتقال کر گئے۔

☆ مدرسہ معمورہ معاویہ نگر (مہرپور) مظفر گڑھ کے منتظم قاری عبدالرّزاق ارشد کے پھوپھی زاد بھائی محمد یعقوب عید الاضحیٰ کے دوسرے دن انتقال کر گئے۔

☆ چیچہ وطنی کے چک نمبر 113-12L میں جماعت کے پرانے رفیق جناب محمد اصغر کے والد گرامی شیر محمد ۱۳/نومبر کو انتقال فرما گئے۔

☆ چیچہ وطنی کے پرانے صحافی اور نیوز ایجنٹ انتہائی خوش اخلاق انسان محمد عبداللہ عاصی ۱۵/نومبر کو انتقال فرما گئے۔

☆ **رضوان الدین احمد صدیقی مرحوم:** مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے امیر جناب رضوان الدین احمد صدیقی ۲۳/نومبر ۲۰۱۱ء کو انتقال فرما گئے۔

☆ **حاجی عبدالرشید مغل مرحوم:** مجلس احرار اسلام جھنگ کے کارکنان جناب حاجی محمد افضل اور حاجی محمد محبوب کے والد ماجد، انتقال ۲۱/نومبر ۲۰۱۱ء

☆ مجلس احرار اسلام کے سابق مرکزی رہنما حافظ محمد اکبر صاحب (رحیم یار خان) ۲۷/نومبر ۲۰۱۱ء کو شدید علالت کے بعد انتقال فرما گئے۔

اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائیں۔ (آمین)

احباب و قارئین تمام مرحومین کے لیے دعاءِ مغفرت و ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com